اسلام آباد، لاہور، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، ڈسکہ، وزیرآباد، گجرات، کھاریاں، جہلم، کوٹلہ، جلال پور جٹاں کا نمائندہ اخبار

مخلوق کی کہانی — مخلوق کی زبانی

The Daily MAKHLOOQ

روزنامہ مخلوق

ABC CERTIFIED

چیف ایڈیٹر خواجہ سلیم نائیک

سب ایڈیٹر: عمران بھنڈر

جلد نمبر 20 | منگل 7 صفر المظفر 1446ھ، 13 اگست 2024ء، 30 ساون ب، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 233

dailymakhlooq@gmail.com 0333-8133602

**آج کی اچھی بات**

دنیا میں سب سے غلیظ اور سب سے بھیانک آواز اُس اولاد کی ہے جو بد لحاظی اور چیخ کر والدین سے بات کرتا ہے!

# وفاقی محتسب کے افسران کی جہلم میں کھلی کچہری

## منگلا ڈیم کے قریب غیر قانونی کرشنگ سے ڈیم کو خطرہ لاحق ہے، ایک شکایت، وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کیں



جہلم (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا اور خالد سیال نے گزشتہ روز جہلم میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام، پاکستان ریلوے، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ صوبائی محکموں کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں۔ زیادہ تر شکایات بجلی و گیس کے کنکشن اور زائد بلوں، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام سے مالی امداد نہ ملنے، پاسپورٹ اور شناختی کارڈ کے اجرا میں تاخیر سے متعلق تھیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ ٹیم کو بتایا گیا کہ منگلا ڈیم کے قریب کرش مافیا غیر قانونی طور پر سٹون کرشنگ کرتا ہے جس سے منگلا ڈیم کو خطرہ ہے۔ وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے یہ مسئلہ متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ ان کے بجلی کے ناجائز بل درست نہیں کئے جا رہے۔ بجلی و گیس کے کنکشن کے لئے ڈیمانڈ نوٹس جمع کرائے مگر ابھی تک ان کے کنکشن نہیں لگے۔ گیس اور بجلی کے کنکشن کے لئے مقامی اہلکاروں کی طرف سے رشوت کی ڈیمانڈ کے بارے میں بھی متعدد درخواست گزاروں نے غفلت کی شکایات کیں جس پر ایڈوائزر وفاقی محتسب نے متعلقہ اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے جہلم میں ڈپٹی کمشنر و ضلعی انتظامیہ کے افسران سے بھی ملاقات کی اور ان سے عوامی مسائل کو حل کرنے کے حوالے سے بات کی۔ کھلی کچہری میں میڈیا کے نمائندوں نے بھی بھرپور شرکت کی اور اپنی تجاویز پیش کیں۔

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
www.dailydarguzar.com
روزنامہ درگزر ملتان
DAILY DARGUZAR MULTAN
ایڈیٹر انچیف رائے امان اللہ خان
0333-6107730
www.facebook.com/dailydarguzar
Email:dailydarguzar@gmail.com
جلد 23 | منگل 8 صفر المظفر 1446ھ 13 اگست 2024ء 28 ساون 2081 ب قیمت 10 روپے | شمارہ 205

سب زیادہ شکایت میپکو کے خلاف آئیں‘35 خراب میٹر 3 ٹرانسفارمرز تبدیل‘2 لاکھ پچاس ہزار کے ناجائز بل واپس

# بہاولپور: وفاقی محتسب کا مختلف محکموں کے خلاف شکایات پر سماعت‘شہریوں کی دعائیں

نادرا اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے متعلق مسائل موقع پر حل کرنے پر باسط عزیز خان کو خراج تحسین

بھاولپور (میاں میر احمد مستانہ سہروردی سے) وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور کے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر جناب باسط عزیز خان نے ،عزت مآب وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی صاحب کے ویژن ’’انصاف آپکی دہلیز پر‘‘ کے مطابق صوبائی محتسب ریجنل آفس بہاولنگر میں مختلف محکموں کے خلاف دائر کی گئی عوام کی شکایات کی سماعت کی،اور شکایت کنندگان کے 35 خراب میٹر تبدیل کروائے،3 ٹرانسفامرز کو 50kv سے 100kv میں تبدیل کرنے کے احکامات جاری کیے،اور تقریبا 250 لاکھ کی ناجائز ڈیٹیکشن بلز ریوائز کروا دیئے،اور پروٹیکٹڈ سے نان پروٹیکٹڈ کیٹیگری میں غریب صارف کو شامل کرنے والے تمام بجلی بلوں کی تصیح کے آرڈرز جاری کیئے ور بعد ازاں کھلی کچھری بھی لگائی اور موقع پر عوام کے واپڈا، نادرا اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے متعلق مسائل موقع پر حل کروائے۔عوام نے موقع پر کھلی کچھری میں درخواستیں بھی جمع کروائیں۔ لوگوں نے عزت مآب اعجاز قریشی کو دعائیں دیں‘لوگوں کے مسائل انکی دہلیز پر حل کروائے جا رہے ہیں اور باسط عزیز خان جیسے فرض شناس آفیسر موقع پر جا کر عوام کے مسائل سنتے اور حل کرواتے ہیں۔



بہاولنگر: وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور کے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر باسط عزیز خان نے عزت مآب وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے ویژن ’’انصاف آپکی دہلیز پر‘‘ کے مطابق صوبائی محتسب ریجنل آفس میں مختلف محکموں کے خلاف دائر کی گئی عوام کی شکایات پر سماعت کر رہے ہیں